## ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے بزرگ کارکن محمد سکندر خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔15، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن یونٹ 1 کے بزرگ کارکن محمد سکندر خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## عوام متحد ومنظّم ہوکر فرقہ واریت کے خاتمہ کام کریں، مولانا محمد حسن ظفر نقوی، مولانا ارشاد الحق تھانوی

## عوام میں مذہبی اور مسالک کا احترام فروغ پارہا ہے، شعیب بخاری

## محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے علمائے کرام سے ملاقاتیں

کراچی۔۔۔15، جنوری 2008ء

محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام کے درمیان بھائی چارے کے فروغ کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری نے ممتاز عالم دین مولانا ارشاد الحق تھانوی اور مولانا محمد حسن ظفر نقوی سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر گلشن اقبال ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم واسع جلیل، ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے اراکین مولانا شاہ فیروز الدین رحمانی، انور رضا، چچا وحید اور ناصر یامین بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ملاقات میں مولانا محمد حسن ظفر نقوی اور مولانا ارشاد الحق تھانوی نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات کے پیش نظر تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام کو چاہئے کہ وہ اتحاد بین المسلمین کیلئے ایم کیوایم کے ہاتھ مضبوط کریں اور متحد ومنظّم ہوکر فرقہ واریت کے خاتمے اور تمام مکاتب فکر کے عوام کے درمیان اتحاد کیلئے کام کریں۔ انہوں نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام سے اپیل کی کہ وہ اپنے خطبات میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی بھائی چارے کا درس دیں اور ایسی باتوں سے گریز کریں جن سے کسی دوسرے مسلک یا فقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کی دل آزاری ہو۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری نے کہا کہ ایم کیوایم تمام مسالک اور فقہوں کا مکمل احترام کرتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کی جانب سے کی جانے والی کاوشوں کو ہر مکتبہ فکر کے عوام کی جانب سے سراہا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے درس وتبلیغ اور ایم کیوایم کی عملی کاوشوں کے باعث سندھ میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی فروغ پارہی ہے۔

## متحدہ قومی موومنٹ غریب عوام کے مسائل حل کررہی ہے، ڈاکٹر ایوب شیخ، شیخ محمد افضل

## کورنگی کے علاقے بنگالی پاڑہ میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی۔۔۔15، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدواران برائے این اے 254 ڈاکٹر ایوب شیخ اور برائے پی ایس 123 شیخ محمد افضل نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کی جڑیں عوام میں موجود ہیں اور ایم کیوایم نے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے مسائل حل کرکے ثابت کردیا ہے وہ زبانی جمع خرچ کے بجائے عملیت پسندی پر یقین رکھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کورنگی نمبر 51/2 سیکٹر C-50 بنگالی پاڑہ میں رابطہ مہم کے سلسلے میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کارنر میٹنگ میں ماہی گیروں اور بنگالی کمیونٹی کے نمائندہ افراد نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اپنے خطاب میں ڈاکٹر ایوب شیخ اور شیخ محمد افضل نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ماہی گیروں اور بنگالی کمیونٹی کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہے اور انہیں حل کروانے کیلئے ماضی میں بھی اپنا کردار ادا کرتی رہی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 18 فروری کو ہونے والے انتخابات میں ایم کیوایم کے انتخابی نشان پتنگ پر اپنے اعتماد کی مہر ثبت کریں اور حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔ بعدازاں حق پرست امیدوار شیخ محمد افضل نے کورنگی نمبر 1/2 M,3 ایریا میں منعقدہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم نے ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کو متعارف کرایا ہے اور الیکشن میں انتخابی ٹکٹوں کا نیلام گھر سجانے کے بجائے ایم کیوایم کے تعلیم یافتہ، باصلاحیت اور غریب کارکنوں کو ٹکٹ دیئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی دیگر جماعتوں کے رہنماء غریب عوام کی باتیں تو کرتے ہیں لیکن انتخابات کے موقع پر اپنی جماعت کے غریب کارکنوں کو نظر انداز کردیتے ہیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ عام انتخابات میں

حق پرست امیدواروں کوووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## حق پرست قیادت ملک کی تعمیر وترقی کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے، وسیم اختر
## سوسائٹی کے علاقے میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی۔۔۔15، جنوری2008ء

قومی اسمبلی کے حلقہ 251 سے ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدوار وسیم اختر نے کہا ہے کہ حق پرست قیادت ملک کی تعمیر وترقی کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور حق پرست عوامی نمائندے آئندہ انتخابات میں کامیاب ہوکر ملک بھر کے عوام کی عملی خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے حلقہ انتخاب میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کارنر میٹنگ میں علاقے کے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔اپنے خطاب میں وسیم اختر نے کہا کہ ملک بھر میں مذہبی انتہاء پسندی اور تخریب کاری کے واقعات سے پاکستان کی ترقی اور سلامتی کو شدید خطرات لاحق ہیں۔انہوں نے کہا کہ مذہبی انتہاء پسندی اور تخریب کاری کا خاتمہ سیاسی ومذہبی جماعتوں کے نزدیک پہلی ترجیح ہونی چاہئے کیونکہ جب تک انتہاء پسندی کے عفریت سے مکمل طور پر چھٹکارا حاصل نہیں کیا جاتا ملک کی سلامتی کو خطرات لاحق رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ افسوسناک بات یہ ہے کہ نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کو ملک وقوم کے مستقبل اور پاکستان پر منڈلانے والے خطرات کی کوئی فکر نہیں ہے اور وہ صرف اپنے سیاسی مفادات کی فکر کررہی ہیں۔وسیم اختر نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کے حق میں اپنا قیمتی ووٹ استعمال کریں اور حق پرستوں کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر لگا کر ایک مرتبہ پھر ثابت کردیں کہ عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ومنظم ہیں۔

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن کے صاحبزادے اور سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے بزرگ کارکن کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔15، جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ایلڈرز ونگ سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 1 کے کارکن محمد سکندر خان اور ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 89 کے کارکن امجد کے صاحبزادے ریحان قادری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## غریب عوام کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے عوام کے کھلے دشمن ہیں، سردار خان
## قائدآباد میں بم دھماکے کے ذمہ داروں کو گرفتار کر کے سخت ترین سزادی جائے

کراچی۔۔۔15، جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان اور کمیٹی کے دیگر اراکین نے لانڈھی کے علاقے میں قائم گل احمد چورنگی پر بم دھماکے میں متعدد غریب محنت کشوں کو ہلاک وزخمی کرنے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ غریب عوام کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے عوام کے کھلے دشمن ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس المناک واقعہ کو جواز بنا کر بعض عناصر نے کراچی امن تباہ کرنے کی سازش کی جسے علاقے کے پرامن عوام نے اپنے اتحاد سے ناکام بنادیا۔انہوں نے عوام سے سے اپیل کی کہ وہ کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش سے ہوشیار رہیں، اپنی صفوں میں اتحاد برقرار رکھیں اور ماضی کی طرح اپنے مثالی اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش کو ناکام بنادیں۔سردار خان نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ گل احمد چورنگی پر بم دھماکہ کا نوٹس لیا جائے، اس کے ذمہ دار عناصر کو گرفتار کر کے سخت ترین سزادی جائے، بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین اور زخمیوں کو معاوضہ دیا جائے۔سردار خان نے قائدآباد میں بم دھماکے کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدواران نے جناح اسپتال میں لانڈھی بم دھماکے زخمیوں کی عیادت کی

لندن۔۔۔15،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدواران برائے حلقہ پی ایس 93 سردار احمد اور پی ایس 128 صلاح الدین نے لانڈھی کے علاقے گل احمد چورنگی پر خوفناک بم دھماکے میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور منگل کے روز جناح اسپتال جا کر اسپتال میں زیر علاج زخمیوں کی عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی۔اس موقع پر زخمی افراد نے انہیں بم دھماکے کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔حق پرست امیدواران کچھ دیر زخمیوں کے ساتھ رہے اورانہوں نے زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔انہوں نے اسپتال میں موجود ڈاکٹرز کو ہدایت کی وہ زخمیوں کے علاج ومعالجہ میں کوئی کثر باقی نہ رکھیں۔اس موقع پر ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی جناح اسپتال یونٹ کے ارکان بھی ان کے ہمراہ تھے۔

☆☆☆☆☆